## حضرت الحاج سید محمد شفیع شاہ صاحب کی رحلت

عبدالحکیم (ضلع خانیوال) کی بزرگ دینی شخصیت حضرت الحاج سید محمد شفیع شاہ صاحب 5 ذی الحجہ 1411ھ 18 جون 1991 کو رحلت فرما گئے حضرت موصوف حضرت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری کے سمدھی، داماد امیر شریعت اور معروف ماہر تعلیم پروفیسر حافظ سید محمد وکیل شاہ صاحب مدظلہ کے والد ماجد ابن امیر شریعت پیرجی قاری سید عطاء المہیمن بخاری کے سسر اور راقم مدیر نقیب ختم نبوت اور سید ذوالکفل بخاری کے دادا تھے۔ وفات کے وقت آپ کی عمر 93 برس تھی۔ آپ کی پرہیز گاری للّٰہیت اور تدین کے اثرات پورے علاقہ میں مرتب ہوئے۔ آپ حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی رحمتہ اللہ علیہ سے بیعت تھے اور حضرت مدنی کے خلیفہ مجاز حضرت مولانا پیر سید خورشید احمد شاہ صاحب ہمدانی علیہ الرحمتہ (ساکن عبدالحکیم) کے خاص احباب میں سے تھے۔ تبلیغی جماعت اور دیگر دینی سرگرمیوں کی خصوصی سرپرستی فرماتے تھے۔ عمر بھر اکابر کے مسلک پر گامزن اور اپنے شیخ کی تعلیمات پر کاربند رہے۔

نماز جنازہ حضرت مولانا سید ابو معاویہ ابوذر بخاری مدظلہ نے پڑھائی۔ جنازہ میں دور و نزدیک سے آپ کے عقیدت مند علماء، دینی کارکن، معززین علاقہ اور عوام نے ہزاروں کی تعداد میں شرکت کی۔ چاہ شاہ والا (عبدالحکیم) میں آپ کی رہائش گاہ کے قریب ہی خاندانی قبرستان میں آپ کو سپرد خاک کیا گیا۔ آپ نے تین عقد فرمائے۔ دو ازواج زندگی میں وفات پا گئیں ایک اہلیہ 9 بیٹے اور 8 بیٹیاں پسماندگان میں شامل ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے، ان کے پھلائے ہوئے دینی کام کو ترقی عطا فرمائے اور ان کے اعمال حسنہ کو ذخیرہ آخرت بنائے (آمین)

---

گزشتہ ماہ ہمارے کئی اور بزرگ، احباب اور متعلقین بھی رحلت فرما گئے ہیں۔ حضرت مولانا قاضی محمد شمس الدین ساکن درویش (3 جون) محترم حکیم عبدالرحیم جمیل گجرات (7 جون) انتہائی مخلص اور وفا شعار نوجوان احرار کارکن بدر منیر احرار خانپور (14 جون) معروف نعت گو شاعر حضرت خادم کیتھلی ملتان (19 جون) محترمہ والدہ ماجدہ پروفیسر شاہد محمود کاشمیری لاہور، ہمشیرہ محترمہ قاری محمد یعقوب نقشبندی صاحب جلالپور پیر والہ، پروفیسر وہاب اختر عزیز ملتان (22 جون) ادارہ نقیب کے کارکن اللہ بخش احرار کے چچازاد ظفر اقبال چکڑالہ (ضلع میانوالی) کے سرگرم احرار کارکن عبدالرشید اور چکڑالہ ہی کے احرار کارکن محمد یعقوب کی والدہ ماجدہ۔

قارئین سب کی مغفرت کے لئے خصوصی دعا اور ختم قرآن کریم کا اہتمام فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ سب مرحومین کی مغفرت فرمائے اور پس ماندگان کو صبر عطا فرمائے۔ ادارہ آپ سب کے غم میں شریک ہے۔

**آپ کے عطیات:** محاسبۂ مرزائیت و رافضیت کی جدوجہد کو تیز تر کرنے کے لئے اپنی زکوٰۃ، صدقات اور عطیات اپنی جماعت مجلس احرار اسلام کو دیجئے

بذریعہ منی آرڈر: سید عطاء المحسن بخاری مدظلہ، دار بنی ہاشم، مہربان کالونی، ملتان

بذریعہ بنک ڈرافٹ یا چیک: اکاؤنٹ نمبر ۲۹۹۳۲ حبیب بنک حسین آگاہی، ملتان